13755- مسلمان اپنی اوردوسروں کی نظروں میں

سوال

مسلمانوں کی طرف کس نظر سے دیکھا جائے ؟
اور مسلمان خود اپنے آپ کو کس نظر سے دیکھتا ہے ؟

پسندیدہ جواب

مسلمان وہ ہیں جنہوں نے اپنے آپ کو اللہ تعالی کے سپرد کردیا اوراس کی شریعت کو قائم اورا پنے رب سبحانہ وتعالی کی کتاب اورا پنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت پر عمل کیا ہے ، اورانہوں نے وہی کام کیے ہیں جن کا انہیں اللہ تعالی اوراس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم حکم دیا اورانہوں نے محرمات کوترک کردیا ۔

توجب یہ کچھ پایا جائے توپھران کے دشمن ان کی طرف ہیبت ووحشت اوراکبارا عزاز کی نظر سے دیکھتے ہیں ، اس کا سبب یہ ہے کہ وہ اس کو جانتے ہیں کہ مسلمانوں کا دین اسلام پر تمسک اورالتزام انہیں اللہ تعالی کے ہاں رفعت وبلندی عطا کرتا اور بندوں اور ملکوں پران کی حکومت قائم کرتا ہے ۔

تواس اعتبار سے اعداء اسلام ان کی طرف ہیبت اوراحترام اوران سے خوف کی نظر سے دیکھتے ہیں ۔

لیکن جب ان میں دینی کمزوری آجائے اوراس کا تمسک کمزور پڑجائے اوران میں بدعات اورنئے نئے کام پیدا ہوجائیں تودشمنان دین انہیں حقارت وذلت اور کمینگی کی نظر سے دیکھنا شروع کردیتے ہیں ، دشمنان دین کے دلوں سے مسلمانوں کی ہیبت وخوف جاتا رہتا ہے ۔

اورمسلمان اپنی نظر میں اس طرح ایک دوسرے کودیکھیں کہ وہ ایک دوسرے کے حالات سے واقفیت اوران کے درمیان واقع ہونے والے خلل وضعف کودیکھتے ہوئے حتی الوسعہ اس کا علاج کریں تاکہ ان کی کھوئی ہوئی عزت واپس آسکے ۔

تاکہ ان کا دشمن اگران کے حالات جاننے کی کوشش کرے توان سے خوفزدہ ہو، اورمسلمانوں کوچاہیئے کہ وہ اپنی اصلاح کریں اس لیے کہ اللہ تعالی انہیں قوت دینے والااوران کی مدد ونصرت کرنے والا ہے ۔.